حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ا۔ مندرجہ ذیل کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

ا۔ خدا سچوں کو ان کی ________ کا بدلہ دیتا ہے۔

(الف) نیکی (ب) دیانتداری (ج) ایمانداری (د) اچھائی

۲۔ سراجا منیرا کے معنی ہیں۔

(الف) روشن دماغ (ب) روشن چراغ (ج) روشن شہر (د) روشن رات

۳۔ بکرۃ و اصیلا کے معنی ہیں۔

(الف) دن رات (ب) کبھی کبھار (ج) صبح شام (د) ہر روز

۴۔ کس غزوہ کے بعد سورۃ الانفال نازل ہوئی تھی؟

(الف) احد (ب) حنین (ج) خندق (د) ان میں سے کوئی نہیں

۵۔ سورۃ الممتحنہ میں اللہ تعالیٰ نے ________ کے اسوہ حسنہ کی پیروی کرنے کا حکم دیا ہے۔

(الف) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(ج) حضرت اسمٰعیل علیہ السلام (د) حضرت ایوب علیہ السلام

۶۔ روزہ دار کیلئے ________ خوشیاں ہیں۔

(الف) تین (ب) پانچ (ج) چار (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

۷۔ قرآن کریم کے ایک حرف کی تلاوت پر ________ نیکیاں ملتی ہیں۔

(الف) 10 (ب) 15 (ج) 20 (د) 30

۸۔ زکوۃ کے معنی ہیں۔

(الف) مدد کرنا (ب) پاک کرنا (ج) خرچ کرنا (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

۹۔ خاندان کے دو اہم ستون ________ ہیں۔

(الف) مرد وعورت (ب) ماں باپ (ج) میاں بیوی (د) عزیز و اقارب

۱۰۔ اگر بیس (20) مومن جنگ میں ثابت قدم رہیں تو وہ ________ کافروں پر غالب رہیں گے۔

(الف) 50 (ب) 100 (ج) 200 (د) 300

۱۱۔ مومن کا دل ________ جاتا ہے جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(الف) فیل ہو (ب) خوش ہو (ج) ڈر (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۲۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ________ کو اپنا منہ بولا بیٹا بنایا تھا۔

(الف) حضرت بلالؓ (ب) حضرت حذیفہؓ (ج) حضرت اسامہؓ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۳۔ سورۃ الانفال میں مومنوں کی ________ بیان کی گئی ہیں۔

(الف) علامات (ب) صفات (ج) عادات (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۴۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الانفال میں ________ کو آزمائش قرار دیا ہے۔

(الف) ماں باپ (ب) مال اور اولاد (ج) دوستوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۵۔ سورۃ الانفال میں کافروں نے اپنے لئے ________ کے عذاب کا مطالبہ کیا۔

(الف) طوفان (ب) (ج) پتھر برسانے (د) بارش

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب لکھئے، ہر سوال کے چار نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ مندرجہ ذیل میں کسی ایک آیت کا مفہوم بیان کریں۔

(الف) فاتقو الله واصلحو ذات بينكم ص واطيعو ورسوله ان كنتم مومنين O

(ب) وان كنتن تردن الله ورسوله والدار الاخرة فان الله اعدللمحسنت منكن اجرا عظيما O

سوال ۳۔ دو گروہوں سے کیا مراد ہے؟

سوال ۴۔ سورۃ الانفال میں مال غنیمت کی تقسیم کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

سوال ۵۔ سورۃ الاحزاب کی آیات کی روشنی میں بتایئے غزوہ احزاب میں اہل ایمان کو اللہ کی تائید و نصرت کیسے حاصل ہوئی۔

سوال ۶۔ سورۃ الاحزاب میں ازواج النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کن دو باتوں میں کسی ایک کو اختیار کرنے کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے؟

سوال ۷۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مومن عورتوں سے کن باتوں پر بیعت لینے کیلئے کہا گیا ہے؟

سوال ۸۔ مندرجہ ذیل احادیث میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ لکھئے۔

(الف) لا يومن احد كم حتى يكون هواه تبعا لما جئت به

(ب) ان اكمل المومنين ايمانا احسنهم خلقا

سوال ۹۔ فضائل قرآن پر نوٹ لکھئے۔

سوال ۱۰۔ احادیث کی روشنی میں حصول علم کی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔

سوال ۱۱۔ زکوۃ ادا نہ کرنے والوں کو قرآن مجید نے کیا وعید سنائی ہے؟

سوال ۱۲۔ طہارت کے کیا فوائد ہیں؟

سوال ۱۳۔ خاندانی نظام کی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں 3 سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ سورۃ الانفال میں کفار کے ساتھ مقابلے کی صورت میں مسلمانوں کو کونسے کام کرنے اور کن باتوں سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے؟

سوال ۱۵۔ غزوہ احزاب کے دوران آزمائش کی گھڑیوں میں اہل ایمان اور منافقین کا طرز عمل کیا تھا؟

سوال ۱۶۔ درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجئے۔

من احب لله وابغض لله واعطى لله و منع لله فقد استكمل الايمان

سوال ۱۷۔ قرآن کریم کی کسی ایک آیت کے حوالے سے ختم نبوت کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال ۱۸۔ ہجرت پر نوٹ لکھئے۔